# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور

نمبر: 114 / رجسٹریشن

مورخہ: 06-12-2025

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(گورنمنٹ، الحاق شدہ پرائیویٹ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان:۔ ضمنی شیڈول انرولمنٹ و ترسیل ریٹرنز برائے تعلیمی سیشن 2025-2027ء انٹر پارٹ فرسٹ

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر پرسن (PBCC) کی طرف سے جاری کردہ شیڈول نمبری SO(Boards)Meetings/PBCC/2025 مورخہ 05-12-2025 کے تحت سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سیکنڈ سالانہ امتحان 2025ء (سپلمنٹری امتحان 2025) میں کامیاب ہونے والے طلباء/طالبات کو انٹر پارٹ فرسٹ برائے تعلیمی سیشن 2025-2027ء میں داخلہ/آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) کیلئے درج ذیل شیڈول مقرر کیا ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری/کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے، آن لائن کمپیوٹرائیزڈ جمع شدہ بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ |
|---|---|---|
| (i) | بغیر لیٹ فیس | مورخہ 01-12-2025 تا 12-12-2025 تک<br>مبلغ -/2520 روپے فی اُمیدوار |
| (ii) | فی طالب علم/طالبہ کی -/600 روپے لیٹ فیس کے ساتھ | مورخہ 13-12-2025 تا 22-12-2025 تک<br>مبلغ -/3120 روپے فی اُمیدوار |
| (iii) | فی طالب علم/طالبہ مبلغ -/300 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ انرولمنٹ آن لائن کی جاسکے گی | انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ 2026 کے امتحان کے انعقاد سے تین یوم قبل تک |
| (v) | مورخہ 22-12-2025 کے بعد انٹر پارٹ فرسٹ میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |

| نمبر شمار | تفصیل شرح فیس | گورنمنٹ / پرائیویٹ ادارہ جات |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن فیس | -/1170 روپے |
| (ii) | پروسیسنگ فیس | -/730 روپے |
| (iii) | سپورٹس فیس/سکالرشپ فیس/ڈویلپمنٹ فیس | -/200 روپے / -/120 روپے / -/300 روپے |
| | میزان | -/2520 روپے (فی طالبعلم/طالبہ) |

| ضروری نوٹ | درج بالا شیڈول کے مطابق ادارہ جات فیس ادائیگی کر کے رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کروائیں بغیر ادائیگی فیس رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی اور رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر کے واپس ارسال کر دی جائے گی مزید یہ کہ جس تاریخ کو رجسٹریشن ریٹرن بورڈ آفس میں بذریعہ دستی / کوریئر وصول ہوگی اُسی تاریخ کے مطابق فیس شیڈول نافذ العمل ہوگا۔ |
|---|---|

(جاری ہے)

# ھدایت برائے رجسٹریشن

(1) ضمنی شیڈول کے مطابق وہی طلباء/ طالبات انٹر پارٹ فرسٹ میں داخلہ / آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) کے اہل ہوں گے جنھوں نے میٹرک سیکنڈ سالانہ امتحان 2025 میں پاس کیا ہو۔ تمام مضامین میں پاس امیدوار ہی انٹر پارٹ فرسٹ میں داخلے کا اہل ہے۔ کمپارٹمنٹ یا فیل امیدواران داخلے کے اہل نہ ہیں۔ آن لائن رجسٹریشن (ڈیٹا انٹری) سے پہلے امیدواران کے متعلقہ گزٹ سے رزلٹ کارڈ چیک نہ ہونیکی صورت میں متعلقہ بورڈ سے تصدیق کروائیں تاکہ کوئی امیدوار بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ نہ لے سکے۔ بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ دینے والا ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔ فیل یا کمپارٹمنٹ والے امیدوار کو اگر غلطی سے رجسٹریشن نمبر جاری ہو بھی گیا تو وہ کینسل تصور کیا جائے گا۔

(2) ایسے ادارہ جات جنھوں نے اپنے طلباء کی رجسٹریشن ڈیٹا آن لائن فیڈنگ بروقت کر کے مجوزہ بنک چالان بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروادیا ہے۔ تاہم ہارڈ کاپی معہ بنک چالان ہمراہ فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں بذریعہ دستی / کوریئر وصول نہ ہونے کی صورت میں پہلے ماہ مبلغ -/2000 روپے اور بعدازں ہر ماہ مبلغ -/3000 روپے جرمانہ کے ساتھ ہارڈ کاپی جمع کروائی جاسکے گی۔ مقررہ تاریخ کے اندر فیس جمع نہ کروانے کی صورت میں جس تاریخ کو فیس ادا کرنے کے بعد بورڈ کو رجسٹریشن ریٹرن بذریعہ دستی / کوریئر وصول ہوگی اُس ہی تاریخ کے مطابق جرمانہ کا شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

(3) رجسٹریشن فیس بذریعہ UBL بنک، 1 Bill، Easy Paisa یا Jazz Cash جمع کروا کر اصل رجسٹریشن ریٹرن و اصل فیس چالان بمعہ CPR(Computerized Payment Receipt) انچارج رجسٹریشن بورڈ ہذا کو مقررہ تاریخ تک موصول ہو جانی چاہیے۔

(4) **واضح رہے کہ دیگر تمام شرائط و قواعد فرسٹ سالانہ امتحان 2025 کیلئے جاری شدہ داخلہ شیڈول نوٹیفکیشن نمبر 58- رجسٹریشن مورخہ 2025-08-01 کے مطابق ہی لاگو ہوں گی۔**

(پروفیسر عدیل مالک چیمہ)
**سیکرٹری**

کاپی برائے اطلاع ضروری کاروائی۔

(1) ڈائریکٹر تعلیم کالجز بہاول پور ڈویژن بہاول پور
(2) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)
(3) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)
(4) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)
(5) شیڈول فائل

(محمد شفیق انجم)
انچارج آفیسر (رجسٹریشن)
(062-9255082)